PAKISTAN
MERCANTILE
EXCHANGE

PMEX



# PULSE

## NEWSLETTER

ISSUE 14, JAN-MAR 2017

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company Limited, ZaraiTaraqiati Bank Limited and Pak Kuwait Investment Company Limited.The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. The Exchange has a member base of 326 and the average daily trading volume is PKR 5 billion. PMEX's international affiliations include Memberships of Association of Futures Markets (AFM), Hungary & Futures Industry Association (FIA), USA and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange and Iran Mercantile Exchange.

## Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX)


**Head Office**
3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV
Ch.Khalique-uz-Zaman Road Gizri
Karachi-75600, Pakistan.

**Islamabad Office**
Office No. G-9 (B), ISE Towers
Jinnah Avenue, Blue Area
Islamabad, Pakistan.

**Lahore Office**
Office # 01, P2 Floor, Ali Tower
105-B2, M.M Alam Road, Gulberg 3
Lahore, Pakistan.

Karachi: +92-21-111-623-623
Islamabad: +92-311-2796059
Lahore: +92-311-2796018
FAX: +92-21-35155022
E-MAIL: info@pmex.com.pk
WEB: www.pmex.com.pk



**Disclaimer**
This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.



Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design Agency: Conte'
Printer: Appletree Graphics

# Contents


1 From the Managing Director's Desk

2 PMEX to Introduce New Products

3 Commodity Based Financing Commences for Agri Products Traded at PMEX

4 PMEX Participates at LDFA 2017

5 PMEX at the 4th Global Commodity Outlook Conference

6 PMEX Launches New Website

7 Delegations at PMEX

8 Investor Education

9 Awareness Programs

10 Top Ten Brokers

11 Circulars and Notifications

12 PMEX Hightlights

13 Price Trend of Commodities

# FROM THE MANAGING DIRECTOR'S DESK



Welcome to a new year with the first issue of PULSE 2017.

As we step into 2017, I am pleased to report that the Exchange has grown in almost all dimensions last year and will inshallah do its best to maintain the momentum this year as well.

Several new products were added to the product portfolio during the year to provide an enriched product suite to the market participants.These products included cash settled futures contracts of Copper, Brent Crude Oil, Milli Ounce Gold (CAD, CHF & AUD) and deliverable futures contracts of Paddy Super Basmati Rice. Capitalizing on the success achieved in previous trade season of red chilli, PMEX launched contracts covering all varieties of red chilli i.e. Dandicut/Longi and Hybrid during the year.

You will be pleased to learn that red chilli trading, which was introduced last year, has witnessed an increase of almost four times in terms of trading volume this year. Gaining heart from the experience and in line with its vision to efficiently connect to the real economy, PMEX is planning to enhance the agricultural product portfolio by introducing more commodities in the coming year.

To efficiently serve the clientele nationwide and to expand the business, the Exchange opened two new branch offices in Islamabad and Lahore last year. PMEX is confident that the newly established branches are a step forward towards increasing its footprint in the country and developing mutually beneficial relationships with the stakeholders in the Punjab region.

Going forward, to provide its brokers and their clients a reliable and efficient trading experience, PMEX is working towards enhancing its technology infrastructure including the electronic trading system. Moreover, the Exchange intends to continue to expand and diversify its product range in order to attract new market participants. Furthermore, PMEX is also looking into the possibility of cross listing commodities with neighbouring exchanges such as Iran Mercantile Exchange and Chinese commodity exchanges.

I would like to express my gratitude to the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) and PMEX Board of Directors for their guidance and support, and our members & market participants for their continued trust in PMEX. I would also like to thank the team PMEX for their hard work and dedication.

Thank you and Happy Reading!

Ejaz Ali Shah
Managing Director

# PMEX TO INTRODUCE NEW PRODUCTS

In order to realize the potential of PMEX and define its universe of products, the Exchange has considered the commodities that Pakistan produces, exports and imports along with the products listed at various leading international exchanges of the world. In this regard, the Exchange has shortlisted products which meet the requirements to have viable futures contracts in its environment. These new products are a mix of local / physically deliverable futures and international / cash settled futures, which the Exchange aims to introduce over the next 5 years.

Accordingly, the agri products which the Exchange is currently working on are Wheat and Gram, while the cash settled products include Platinum and Natural Gas.

## Physically Deliverable Futures Contracts

On the back of pilot projects of Red Chilli and Paddy Rice trade at its electronic trading platform, PMEX now plans to introduce trading of Gram and Wheat.

| GRAM (CHICKPEA) | WHEAT |
|---|---|
| Chickpea, the world's third most important legume, is currently grown on about one million hectares in Pakistan. It is the major winter food legume, occupying 73% of the total pulses area with 76% contribution to the total production.<br><br>In Pakistan, chickpea is grown under a wide range of agro-ecological zones. However, nearly 90% of the crop is cultivated under rain-fed conditions mostly on receding soil moisture. Punjab province alone contributes about 80% to chickpea production of the country.<br><br>There are two types of chickpea grown in Pakistan: 1) Desi Chana, also known as Black Gram or Kala Chana. and 2) Kabuli Chana. In Pakistan, Kabuli Chana occupies a small proportion of total chickpea cultivated area. Therefore, most of the chickpea production comes from Desi type.<br><br>PMEX is working to list physically deliverable Desi Chana futures contracts at its trading platform. These will be long dated contracts with maturity of one, two and three months. | Wheat is the most popular food crop of Pakistan and its products are used in a number of ways. Pakistan is the world's 7th largest wheat producer and its contribution is 3.48% of world production.<br><br>Being the staple diet of majority of people in Pakistan, it dominates all crops in acreage and production. Wheat accounts for 9.9% of the value added in agriculture and 2.0% of GDP of Pakistan.<br><br>Punjab is the major wheat producing province of Pakistan and it alone contributes around 75% of total production followed by Sindh 16% and remaining 9% from Khyber Pakhtunkhwa (KP) and Balochistan.<br><br>PMEX plans to introduce grade A and A+ Wheat futures contracts at its electronic trading platform. The proposed contracts are based on the district Sheikhupura/Muridke, the major wheat growing districts of Punjab. |

With the availability of Gram and Wheat at the electronic trading platform of PMEX, it would become convenient for buyers to participate in a unified market. The national level participation of buyers and sellers across Pakistan will enhance the price discovery process of these two commodities manifold and will help farmers to get a better price of their produce.

Presently, PMEX is in the process of developing contract specifications and trading mechanism for Gram and Wheat. Going forward, PMEX will collaborate with the value chain partners such as Pakistan Agriculture Coalition (PAC) for farmers' awareness and trade facilitation and SGS Pakistan for quality certification and loading supervision. The Exchange plans to launch these products as soon as all the modalities are sorted out and it gets necessary approval from Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

## Cash Settled Futures Contracts

| PLATINUM | NATURAL GAS |
|---|---|
| Platinum is one of the least reactive metals and has a number of useful properties, which explains its application in a wide-range of industries. It has remarkable resistance to corrosion, even at high temperatures, and is therefore considered a noble metal.<br><br>The dense, stable and rare metal is widely used in jewelry fabrication, automobile, medical, electronic industry and as physical investment. The demand for the metal has caused platinum's price to be quite volatile. This volatility attracts traders and creates opportunities for trading. | Natural gas is a energy source that is piped directly from fields to the consumers. It is considered to be a key source in generating electricity and providing energy. It is used extensively for residence and also has important applications in commercial and industrial settings.<br><br>Once considered an ineffective by-product of oil production, natural gas is steadily finding a foothold in today's world. Economical, environmentally friendly and efficient, natural gas is the cleanest-burning fossil fuel. |

The Exchange is confident that with the introduction of Platinum and Natural Gas futures contracts, the market participants will get the opportunity to efficiently trade and hedge against the price volatility risk in an efficient and convenient manner.

# COMMODITY BASED FINANCING COMMENCES FOR AGRI PRODUCTS TRADED AT PMEX

PMEX achieved another milestone by arranging commodity based financing for the first time in the country against the warehouse receipt issued by PMEX as opposed to traditional mode of lending against land papers.

As you are aware, that the Exchange is offering red chilli trade from its platform thereby providing farmers with storage, quality certification and logistics services. Taking another step forward, the Exchange made it possible this year to obtain financing against the commodity (red chilli) in collaboration with Zarai Taraqiati Bank Limited (ZTBL).

Under the financing scheme, the growers (after getting quality certification from SGS for their produce) deposit the produce at PMEX designated warehouse and receive a warehouse receipt. The farmer(s) can then obtain financing to fulfill their immediate liquidity needs from ZTBL against the warehouse receipt Issued by PMEX. In other words, this facility enables the farmers to get a better price for their produce as they now have the power to hold on to the commodity until the price moves in their favor as opposed to selling under stress at the depressed price.

# PMEX PARTICIPATES AT LDFA 2017

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) participated in a two-day Livestock, Dairy, Fisheries, Poultry and Agriculture Exhibition and Seminar (LDFA 2017). The event was organized by Sindh Enterprise Development Fund (SEDF) at Sindh Agriculture University, Tando Jam from 21-22 January 2017.

Sindh Minister for Livestock and Fisheries Mr. Muhammad Ali Malkani inaugurated the 2-day event. Other dignitaries attending the event included Sindh Minister for local government Jam Khan Shoro, Chairperson, Sindh Board of Investment, Ms. Naheed Memon, Special Assistant to Sindh CM on Science and Information Technology, Dr. Sikandar Ali Shoro, Secretary Fisheries and Livestock Mr. Ghulam Hussain Memon, Italian Consul General Mr. Gianluca Rubagotti, Russian Consul General Mr. Oleg N Adveev and experts from the concerned fields.

The event provided the Exchange a unique opportunity to interact with 200 exhibitors and a large number of visitors including the farmers, traders and buyers of agri commodities visiting from various areas of Sindh.

The Exchange shared the success in trading of Red Chilli and Super Basmati Paddy Rice at its state-of-the-art technology driven trading platform. Mr. Derek Lobo, Senior Manager Business Development, represented the Exchange at the event. Mr. Lobo briefed the growers about the benefits of trading at the Exchange platform. Moreover, the mechanism of warehouse receipt financing program was also discussed.




# PMEX AT THE 4TH GLOBAL COMMODITY OUTLOOK CONFERENCE

PMEX participated at the Fourth Global Commodity Outlook Conference (GCOC) held on 12 February 2017 in Dubai. The event was hosted by Richcomm Global Services and DMCC in association with Dubai Gold Commodity Exchange (DGCX) and Thomson Reuters.

Under the theme "Changing of the Guard", the conference welcomed over 400 trade specialists, regulatory professionals and government officials who discussed the key drivers and constraints in the global commodity market.

The event hosted five panel sessions discussing the outlook on the macro economy, energy, agriculture, base and precious metals, as well as the role of block chain technology in the commodity market.

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director, and Mr. Hasan Mahmood, Head of Product Development and Agri Business, represented PMEX at the event. Mr. Mahmood participated in the panel discussion on agriculture outlook and provided insight about bright prospects of trading of agriculture commodities in Pakistan.



# PMEX LAUNCHES NEW WEBSITE

PMEX unveiled its newly redesigned website which boasts user-friendly experience for current and future market participants and business partners. The new website combines elements of highly-intuitive interface such as contemporary visual appeal, easy navigation, improved functionality and rich content.

The website has been designed using cutting-edge technology, making the site compatible with new age browsers, smartphones and tablets thus allowing users to access information on the go. Furthermore, it allows users to share information that interest them across all major networking sites such as Facebook, Twitter and Google+.

Commenting on the new website, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director PMEX said "We are delighted to welcome visitors to our new website. As we continue to grow and increase our footprint, we believe our mobile-friendly website will keep providing access to valuable and timely information."

Our newly built website will be updated on a regular basis with news of product launches, notifications, regulations, business activity, corporate milestones, events and financial information. The Exchange invites its visitors to explore the new website by visiting www.pmex.com.pk and learn more about PMEX and its products & services.

# DELEGATIONS AT PMEX

On March 09, 2017, a Chinese Consortium who has brought major stake in Pakistan Stock Exchange visited PMEX. The delegation was led by Hang You, Director, Executive office, China Financial Futures Exchange.

The other executives of the Exchange were: Zhang Peng, Director, International Business Development Department, Hongxing Cheng, Deputy Director, Legal Affairs Department, Xiaofeng Zhang, Senior Manager, Finance Department and Li Fan, Analyst. Besides them were, Tariq Mahmood, Head of Corporate Finance & Executive Vice President Pak China Investment Company Limited and Liu Fuzhong, Vice Director, Strategy & International Relations, Shenzhen Stock Exchange.

PMEX welcomed the members of the delegation and briefed them about the Exchange's integrated business model, technology infrastructure, regulatory framework and existing and upcoming products. The briefing was followed by a tour of the Exchange.



On March 14, 2017, Mr. Ivan Ivanissevich Ambassador of argentina, visited PMEX Islamabad office along with Mian Ayyaz Afzal, MD, ISE RIET. PMEX welcomed the guests and briefed them about the Exchange and its future business strategy. The briefing was followed by a tour of PMEX premises.



# INVESTOR EDUCATION

The commodity futures market in Pakistan has witnessed rapid growth since 2007. During the last 10 years, there have been regulatory, structural and operational changes in the commodity futures market. The objective of these changes is to bring efficiency, enhancing transparency, preventing unfair trade practices and aligning Pakistan's commodity futures market with international best practices.

PMEX being a Self-Regulatory Organization (SRO) has prescribed guidelines for its Brokers and their clients to achieve the above objective. In this issue, we are covering the guidelines for Brokers while the next issue will feature guidelines for the clients.

## Guidelines for PMEX Brokers

| DO'S | DON'TS |
|---|---|
| 1. Always enter correct registration details of clients on Exchange Trading System | 1. Do not execute trade in client's account without explicit written authority or instructions as per Exchange or SECP provided guidelines |
| 2. Issue confirmations for trades executed on behalf of clients within 24 hours and obtain acknowledgment thereof | 2. Do not alter or change terms and conditions of Standardized Account Opening Form (SAOF). Any additional terms and conditions shall not contradict with the terms and conditions of SAOF |
| 3. Ensure that all requisite signed documents have been received from clients including Account Opening Form, Risk Disclosure Document and Discretionary Trading Authority (where applicable) | 3. Do not utilize or invest funds of clients beyond the scope of PMEX and related activities |
| 4. Maintain proper records of registered offices, authorized persons, branches and clients | 4. Do not obtain any blank document or blank cheque from client |
| 5. Ensure that investor grievance redressal mechanism is in place at all dealing locations such as head office and branches | 5. Do not deal in cash with clients over and above the prescribed limit of Rs. 25,000. Moreover, cash dealing is only permitted in exceptional circumstances |
| 6. Ensure that all authorized persons and branches are registered with the Exchange | 6. Do not enter any wrong, contradictory or incomplete information on Exchange Trading System |
| 7. Ensure that a list of commodity futures contracts that are permitted & traded at the Exchange has been prominently displayed at the head/branch offices | 7. Do not attract clients by alluring advertisements, rumors, hot tips or the promise of assured returns |
| 8. Ensure that the authorized persons/branches are following and complying with all the relevant provisions of the rules, regulations, circulars or directives issued by the Exchange and Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) | 8. Do not misuse discretionary authority given by the clients for churning / generating commission |
| 9. Ensure that employees/authorized person only receive payments in the form of banking instruments in the name of the broker | 9. Do not obtain client's personal id and password. In case of discretionary authority, always trade through member login credentials |
| 10. Ensure that name of broker, registration number and certificate of registration of authorized person along with terms and conditions of branch dealing has been displayed at the registered branches | |
| 11. Always include the disclaimer specified by the Exchange while making any advertisement | |
| 12. Ensure that advertisement made by the branch/authorized person should have the approval of the broker | |
| 13. Notify change of the authorized person to the Exchange at least 15 days before the change | |
| 14. Conduct periodic inspection of the authorized persons/branches | |
| 15. Upon noticing any irregularities in the branch operations, immediately correct or deregister the authorized person or branch | |
| 16. Be vigilant about any fraudulent activity of employees and authorized persons | |
| 17. Approach PMEX in case of any clarification required on compliance related issues | |

# AWARENESS PROGRAMS

To create awareness about the benefits of investing in commodities at a regulated platform amongst the students, PMEX continuously strives to conduct programs for the students and faculty members of various colleges and universities. In line with this objective, PMEX representatives visited Institute of Business Management (IoBM) and Bahria University for interactive awareness sessions.

The session opened with PMEX's corporate documentary followed by a comprehensive presentation about the Exchange's integrated business model, technology infrastructure and existing and upcoming products and concluded after a Q&A session.

The students expressed keen interest in trading at the Exchange and were offered demo trading account service, which is a replica of PMEX's trading system for training purposes, to gain hands on experience of futures trading.





# TOP TEN BROKERS

## January - March 2017

Total Contracts Traded: **882,887** | Total Rupee Value Traded: **384.31 billion** | Number of Active Brokers: **61**

| Ranking | Based on Traded Contracts | Based on Traded Value |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 3 | Enrichers (Pvt.) Limited | MHB Markets (Pvt.) Limited |
| 4 | JS Global Capital Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | Arsh Commodities (Pvt.) Limited | Jahanzeb |
| 6 | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited |
| 7 | MHB Markets (Pvt.) Limited | JS Global Capital Limited |
| 8 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | Khadija Commodities (Pvt.) Limited |
| 9 | Jahanzeb | IGI Finex Securities Limited |
| 10 | BIPL Securities Limited | BIPL Securities Limited |

# CIRCULARS AND NOTIFICATIONS

The following circulars and notifications were released during January – March 2017 quarter:

## Circulars

**March 2, 2017**
PMEX issued Guidelines for all brokers for bringing efficiency, enhancing transparency, preventing unfair trade practices and aligning Pakistan's commodity futures market with international best practices.

**March 7, 2017**
PMEX issued Guidelines for Clients of Commodity Futures Brokers. All brokers were advised to communicate these guidelines to their existing and potential clients.

**March 8, 2017**
All brokers were advised to submit a monthly report to PMEX mentioning the trader ID of clients who have provided them discretionary trading authority along with the list of employees with their credentials who are handling discretionary accounts.

**March 27, 2017**
All traders of Mr. Jahanzeb, Member and Registered Broker of PMEX, were informed that Mr. Jahanzeb applied for conversion of the individual membership into corporate membership. They were also advised to submit claims, if any, within seven days of publication of the notice.

## Notifications

**February 21, 2017**
All brokers were informed about the reduction in annual membership fee for year the 2017 to PKR 50,000 from PKR 75,000. They were also informed that only those brokers would benefit who clear their dues by March 31, 2017 and those members who have already paid PKR 75,000 would get refund of PKR 25,000.

**February 23, 2017**
All brokers were informed about revised trading days of Red Chilli Weekly Futures Contracts with effect from February 23, 2017.

**February 23, 2017**
All market participants were informed that due to end of the trading season, the PMEX Super Basmati Paddy Rice Weekly Futures Contracts would not be available for trading with effect from February 24, 2017 till further notice.


**March 03, 2017**
All brokers were informed about new trading schedule due to daylight saving coming into effect in the U.S.

**March 28, 2017**
All brokers were informed about expiry schedule of Brent Crude Oil and Copper Futures Contracts for the year 2017.

# PMEX HIGHLIGHTS


## PMEX VOLUME COMPARISON WITH STOCK EXCHANGE

in PKR Billions




## VOLUMES OF 7 MAJOR COMMODITIES


in PKR Billions





## TRADED VOLUME




## UINS




## DEMO TRADING ACCOUNTS




# PRICE TREND OF COMMODITIES


GOLD





EUR/USD





GBP/USD





USD/JPY





USD/CAD





USD/CHF





AUD/USD





SILVER





COPPER





WTI CRUDE OIL





BRENT CRUDE OIL





INTERNATIONAL COTTON





PALM OLEIN





SUGAR





WHEAT





IRRI-6 Rice





PADDY RICE




RED CHILLI




KIBOR
3 Months Contract



Pakistan Mercantile Exchange

PMEX



# پلس

## نیوزلیٹر

شمارہ 14، جنوری ۔ مارچ 2017

YOUR FUTURES EXCHANGE, THE EXCHANGE OF THE FUTURE

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لیمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا ڈی میوچلائزاور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بنک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈیٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔اس وقت 326 ممبرز ایکسچینج سے وابستہ ہیں اور روزانہ کا اوسط تجارتی حجم 3 سے 5 ارب روپے کے درمیان رہتا ہے۔پی ایم ای ایکس مختلف بینالاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم)، ہنگری اور فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے)، امریکہ شامل ہیں، ایکسچینج بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس) اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کرچکا ہے۔

## پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)


**ہیڈآفس**

3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ
گزری، کراچی، 75600، پاکستان

**اسلام آباد آفس**

آفس نمبر۔ (B) ISE،G-9 ٹاور، جناح ایونیو
بلوایریا، اسلام آباد، پاکستان

**لاہور آفس**

آفس نمبر 01 ، P2 فلور علی ٹاور
B2-105 ایم ایم عالم روڈ گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

کراچی: +92-21-111-623-623
اسلام آباد: +92-311-2796059
لاہور: +92-311-2796018
فیکس: +92-21-35155022
ای میل: info@pmex.com.pk
ویب: www.pmex.com.pk


## اہم وضاحت


اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دیتا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔

اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔



پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزئن ایجنسی: کونتے، پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

# مندرجات


۱ مینیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام
۲ پی ایم ای ایکس میں نئی پراڈکٹس کا تعارف
۳ پی ایم ای ایکس پر فصل کے عوض قرض کی فراہمی
۴ پی ایم ای ایکس کی ایل ڈی ایف اے 2017 میں شرکت
۵ پی ایم ای ایکس کی گلوبل آوٹ لک کانفرنس میں شرکت
۶ پی ایم ای ایکس کی نئی ویب سائٹ کا افتتاح
۷ پی ایم ای ایکس میں وفود کی آمد
۸ انویسٹر ایجوکیشن
۹ آگاہی پروگرامز
۱۰ دس سرفہرست بروکرز
۱۱ سرکلرز اور نوٹیفکیشنز
۱۲ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں
۱۳ اشیاء کی قیمتوں کا رجحان

# مینیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام



پلس کے 2017 کے پہلے شمارے میں خوش آمدید

سال 2017 میں قدم رکھتے ہوئے میں آپ کو یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ ایکسچینج نے گذشتہ سال تمام ہی سمتوں میں ترقی کی ہے اور توقع ہے کہ ترقی کے اس سفر میں ہماری بھرپور لگن اس سال بھی انشاءاللہ جاری رہے گی۔

اس سال مختلف نئی پراڈکٹس متعارف کرائی گئیں تا کہ پراڈکٹ پورٹ فولیو کو وسعت دی جاسکے اور سرمایہ کار مارکیٹ میں بھرپور طریقہ سے شرکت کرسکیں۔ ان پراڈکٹس میں کاپر، برینٹ کروڈ آئل، ملی اونس گولڈ (سی اے ڈی، سی ایچ ایف اور اے یو ڈی) کے کیش سیٹلڈ فیوچرز کنٹریکس اور پیڈی سپر باسمتی رائس کے ڈیلوراایبل فیوچرز کنٹریکس شامل تھے۔ گذشتہ سال ریڈ چلی کی کامیابی کو بنیاد بنا کر پی ایم ای ایکس نے اس کی مختلف اقسام کے کنٹریکس متعارف کرائے جس کے بعد یہ کہا جاسکتا ہے کہ اب ریڈ چلی کی تمام اقسام مثلاً ڈنڈی کٹ/لونگی اور ہائبرڈ کے کنٹریکس ٹریڈنگ کیلئے فراہم کردئے گئے ہیں۔

آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ریڈ چلی کی ٹریڈنگ جو گذشتہ سال متعارف کرائی تھی اس کے ٹریڈنگ کے مجموعی حجم میں تقریباً چار گنا کا اضافہ ہوا ہے۔ اس تجربہ سے تقویت پاتے ہوئے اور اپنے کاروبار کو مؤثر طریقہ سے حقیقی معیشت سے باہم جوڑنے کی لگن کو حاصل کرنے کے لئے پی ایم ای ایکس اپنے ایگری کلچرل پورٹ فولیو کو وسعت دینے کیلئے آئندہ سالوں میں مزید پراڈکٹس متعارف کرانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔

ملک بھر میں پھیلے ہوئے اپنے کلائنٹس کو بہتر خدمات فراہم کرنے اور کاروبار کو وسعت دینے کیلئے ایکسچینج نے گذشتہ سال اسلام آباد اور لاہور میں اپنے برانچ آفس کھولے ہیں۔ پی ایم ای ایکس کو اعتماد ہے کہ ان برانچوں کا قیام ملک بھر میں اپنی پہنچ بڑھانے کی جانب ایک اور قدم ہے جس کے ذریعے صوبہ پنجاب میں پھیلے کاروباری شراکت داروں کے ساتھ باہمی منافع بخش تعلقات بڑھانے میں مدد ملے گی۔

مزید آگے بڑھتے ہوئے بروکرز اور ان کے کلائنٹس کو قابل بھروسہ اور مؤثر ٹریڈنگ کا تجربہ فراہم کرنے کے لئے پی ایم ای ایکس اپنے ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر کی صلاحیت بڑھانے کیلئے کام کر رہا ہے جس میں الیکٹرانک ٹریڈنگ سسٹم شامل ہے۔ مزید برآں ایکسچینج اپنی پراڈکٹس کے مجموعہ کو وسعت دینے اور نئے مارکیٹ کے شرکاء کو متوجہ کرنے کی لگن کو جاری رکھنا چاہتا ہے اس کے ساتھ ساتھ پی ایم ای ایکس اپنے ہمسایہ ملکوں مثلاً ایران اور چین کے کموڈٹی ایکسچینجز کے ساتھ کراس لسٹنگ کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔

میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) اور پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رہنمائی اور مدد کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ اپنے ممبرز اور مارکیٹ کے شرکاء کا بھی جنہوں نے پی ایم ای ایکس پر اپنا بھروسہ برقرار رکھا۔ میں اس کے ساتھ پی ایم ای ایکس کے ٹیم ممبرز کی انتھک کوشش اور لگن کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

شکریہ

اعجاز علی شاہ
مینجنگ ڈائریکٹر

# پی ایم ای ایکس میں نئی پراڈکٹس کا تعارف

اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور پراڈکٹس کا مجموعہ بڑھانے کیلئے پی ایم ای ایکس نے پاکستان میں پیدا ہونے والی اور درآمد اور برآمد کی جانے والی اوران مصنوعات کا جو نمایاں بین الاقوامی ایکسچینجز پر درج ہیں جائزہ لیا۔اس سلسلہ میں ایکسچینج نے ان پراڈکٹس کا انتخاب کیا ہے جو مقامی مارکیٹ کیلئے قابل قبول فیوچرز کنٹریکس کی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ یہ پراڈکٹس مقامی/فزیکلی ڈیلوراایبل فیوچرز اور انٹرنیشنل/کیش سیٹلڈ فیوچرز کا امتزاج ہیں جن کو ایکسچینج آئندہ پانچ سالوں کے دوران متعارف کرانے کا ہدف رکھتا ہے۔

وہ زرعی پراڈکٹس جن پر ایکسچینج اس وقت کام کر رہا ہے اس میں گندم اور چنے کے فزیکلی ڈیلوراایبل کنٹریکس اور پلاٹینم اور قدرتی گیس کے کیش سیٹلڈ کنٹریکس شامل ہیں۔

## فزیکلی ڈیلورایبل فیوچرز کنٹریکس

ریڈ چلی اور پیڈی رائس کی اپنے الیکٹرانک ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کو بنیاد بنا کر پی ایم ای ایکس اب چنے اور گندم کی تجارت کو متعارف کرانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔

| چنا | گندم |
|---|---|
| چنا اس وقت دنیا کی تیسری اہم فصل ہے۔ جو پاکستان میں دس لاکھ ہیکٹر پر کاشت کی جاتی ہے۔ یہ موسم سرما کے دوران ایک اہم خوراک ہے جو کل رقبہ جس پر دالیں کاشت کی جاتی ہیں اس کا 73 فیصد ہے اور مجموعی پیداوار کا 76 فیصد ہے۔<br><br>پاکستان میں چنا مختلف موسم والے علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کا 90 فیصد بارانی علاقوں میں اگایا جاتا ہے جہاں نمی کم پائی جاتی ہے۔ ملک بھر میں پیدا ہونے والے چنے کی مجموعی پیداوار میں پنجاب کا حصہ 80 فیصد ہے۔<br><br>پاکستان میں دو اقسام کے چنے پیدا ہوتے ہیں۔<br>1۔دیسی چنا جس کو کالا چنا بھی کہتے ہیں۔<br>2۔کابلی چنا۔<br><br>پاکستان میں کابلی چنا بہت کم علاقے پر کاشت کیا جاتا ہے۔اس طرح جو پیداوار حاصل ہوتی ہے اس کا بڑا حصہ دیسی چنے پر مشتمل ہوتا ہے۔ پی ایم ای ایکس اپنے ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر دیسی چنے کے فزیکلی ڈیلوراایبل کنٹریکس متعارف کرانے کے لئے کام کر رہا ہے۔ یہ طویل المدت کنٹریکس ہوں گے جن کی میعاد ایک، دو اور تین ماہ ہوگی۔ | گندم پاکستان میں سب سے زیادہ پسند کی جانے والی غذائی جنس ہے۔اس سے تیار ہونے والی مصنوعات بھی مختلف طریقوں سے استعمال کی جاتی ہیں۔ پاکستان دنیا میں گندم پیدا کرنے والے ممالک کی فہرست میں ساتویں نمبر پر ہے اور اسکا حصہ دنیا بھر میں پیدا ہونے والی گندم کی مجموعی پیداوار میں 3.48 فیصد ہے۔<br><br>پاکستان کی آبادی کے ایک بڑے حصہ کی بنیادی خوراک ہونے کی وجہ سے اس کا زیر کاشت رقبہ اور پیداوار نمایاں ہے۔گندم کا ویلیو ایڈیڈ زرعی پیداوار میں 9.9 فیصد اور ملک کی جی ڈی پی میں 2 فیصد حصہ ہے۔<br><br>پاکستان میں سب سے زیادہ گندم پیدا کرنے والا صوبہ پنجاب ہے جس کا کل پیداوار میں 75 فیصد حصہ ہے جبکہ سندھ کا حصہ 16 فیصد اور بقایا 9 فیصد خیبر پختونخواہ (کے پی) اور بلوچستان پیدا کرتے ہیں۔<br><br>پی ایم ای ایکس اپنے الیکٹرانک ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر A اور A پلس گریڈ کی گندم کے فیوچرز کنٹریکس متعارف کرانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ یہ مجوزہ کنٹریکس شیخوپورہ/مریدکے میں پیدا ہونے والی گندم کے معیار کے مطابق ہیں جو پنجاب میں گندم پیدا کرنے والے اہم اضلاع ہیں۔ |

چنے اور گندم کی پی ایم ای ایکس کے الیکٹرانک ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر فراہمی کے بعد خریداروں کیلئے یہ ممکن ہو جائے گا کہ ایک باہم جوڑی مارکیٹ میں کام کریں۔قومی سطح پر خریداروں کی شمولیت سے ان دونوں پراڈکٹس کی صحیح قیمت کی دریافت کا عمل تیز تر ہو جائے گا اور کاشتکاروں کو اپنی فصل کی بہتر قیمت حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

فی الوقت پی ایم ای ایکس چنے اور گندم کے کنٹریکس کی تفصیلات اور ٹریڈنگ کے طریقہ کار کی جزیات تیار کرنے میں مصروف ہے اس سلسلہ میں پی ایم ای ایکس اپنے ویلیو چین پارٹنرز پاکستان ایگری کلچر کولیشن (پی اے سی) کے ساتھ کاشتکاروں میں آگاہی بڑھانے اور تجارت میں سہولت فراہم کرنے اور ایس جی ایس پاکستان کے ساتھ معیار کا سرٹیفکیٹ اور لوڈنگ کی نگرانی کے عمل میں معاونت پر کام کر رہا ہے۔ ایکسچینج ان مصنوعات کو جلد از جلد متعارف کرانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ جیسے ہی طریقہ کار کی تفصیلات طے ہو جاتی ہیں اور سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سے ضروری منظوری حاصل ہو جاتی ہے کام شروع کر دیا جائے گا۔

# کیش سیٹلڈ فیوچرز کنٹریکس

| پلاٹینم | قدرتی گیس |
| --- | --- |
| پلاٹینم دھاتوں میں سب سے کم اثر رکھنے والی دھات ہے جس کی بہت سی کارآمد خصوصیات ہیں جو اس کی مختلف صنعتوں میں وسیع پیمانے پر استعمال کی وجہ ہیں۔ یہ انتہائی بلند درجہ حرارت پر نہ پگھلنے کی صلاحیت رکھتی ہے جس کی وجہ سے اس کو 'نوبل میٹل' کا درجہ دیا جاتا ہے۔<br><br>یہ ٹھوس، متوازن اور نایاب دھات زیورات کی تیاری، آٹو موبائل، میڈیکل، الیکٹرانک کی صنعتوں میں استعمال کی جاتی ہے اور اس میں سرمایہ کاری بھی کی جاتی ہے۔ اس کی وسیع طلب کی وجہ سے اس کی قیمتوں میں ہیجان پایا جاتا ہے۔ یہ ہیجان سرمایہ کاروں کی توجہ حاصل کرتا ہے اور ٹریڈنگ کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ | قدرتی گیس توانائی کا ایک اہم زریعہ ہے جو فیلڈ سے صارفین تک بذریعہ پائپ لائن پہنچائی جاتی ہے۔ یہ توانائی کا اہم ذریعہ ہے اور بجلی پیدا کرنے میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا گھریلو صارفین میں وسیع استعمال ہے اور صنعتی اور تجارتی اداروں میں بھی استعمال کی جاتی ہے۔<br><br>کسی زمانہ میں تیل کا ایک غیر اہم حصہ سمجھا جانے والی ضمنی پراڈکٹ قدرتی گیس آج کی دنیا میں اہم مقام حاصل کررہی ہے۔ معاشی، ماحولیاتی دوست اور ایک مؤثر قدرتی ایندھن سمجھی جاتی ہے جو سب سے کم آلودگی پھیلاتی ہے۔ |

ایکسچینج کو یقین ہے کہ پلاٹینم اور قدرتی گیس کے کنٹریکس متعارف ہونے کے بعد مارکیٹ کے شرکاء کو اپنے پراڈکٹ پورٹ فولیو کو وسعت دینے اور قیمت میں ردوبدل کے خطرہ پر ایک مؤثر اور باسہولت طریقہ سے قابو پانے میں مدد ملے گی۔

---

# پی ایم ای ایکس پر فصل کے عوض قرض کی فراہمی

پی ایم ای ایکس نے ایک اور سنگ میل عبور کرلیا جس کے تحت ملک میں پہلی بار ایکسچینج کی جانب سے جاری کردہ گودام کی رسید کے عوض قرضہ فراہم کیا گیا۔ یہ روایتی طور پر فراہم کئے جانے والے قرضہ کے برعکس تھا جس میں زمین کے کاغذات کے عوض قرضہ فراہم کیا جاتا ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں ایکسچینج ریڈ چلی کے لئے اپنا ٹریڈنگ پلیٹ فارم پیش کرتا ہے جس کے ذریعے کاشتکاروں کو اپنی فصل ذخیرہ کرنے، معیار کی تصدیق کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے اور لاجسٹک کی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس سمت میں ایک اور قدم آگے بڑھاتے ہوئے ایکسچینج نے یہ ممکن بنایا کہ فصل (ریڈ چلی) کے عوض زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (زیڈ ٹی بی ایل) سے قرضہ حاصل کیا جاسکے۔

قرضہ کے اجراء کی اس اسکیم کے تحت کاشتکار اپنی فصل کے معیار کا ایس جی ایس پاکستان سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد اس کو پی ایم ای ایکس کے نامزد گودام میں جمع کرا کے گودام کی رسید حاصل کرلیتا ہے۔ اس طرح کاشتکار پی ایم ای ایکس کی جانب سے جاری کردہ گودام کی رسید کے عوض زیڈ ٹی بی ایل سے قرضہ حاصل کرکے اپنی نقد رقم کی فوری ضرورت پوری کرسکتا ہے۔ بالفاظِ دیگر اس سہولت سے کاشتکار اس قابل ہوجاتا ہے کہ وہ اپنی فصل کی بہتر قیمت حاصل کرسکے کیونکہ اب اس کو یہ طاقت میسر آجاتی ہے کہ وہ اپنی فصل کو اس وقت تک نہ بیچے جب تک قیمت اس کے لئے سازگار نہ ہوجائے جبکہ وہ ماضی میں دباؤ کے تحت فصل فروخت کرنے پر مجبور تھا۔

# پی ایم ای ایکس کی ایل ڈی ایف اے2017 میں شرکت

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) نے دو روزہ لائیواسٹاک، ڈیری، فشریز، پولٹری اور ایگری کلچر ایگزی بیشن اینڈ سیمینار (ایل ڈی ایف اے 2017) میں شرکت کی۔ یہ ایونٹ سندھ انٹر پرائز ڈویلپمنٹ فنڈ (ایس ای ڈی ایف) نے سندھ ایگری کلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام میں 22-21 جنوری 2017 کو منعقد کیا تھا۔

صوبہ سندھ کے وزیر برائے لائیواسٹاک اور فشریز محمد علی ملکانی نے اس دو روزہ ایونٹ کا افتتاح کیا۔ دیگر اہم شخصیات جنہوں نے اس تقریب میں شرکت کی ان میں سندھ کے وزیر برائے لوکل گورنمنٹ جام خان شورو، چیئر پرسن سندھ بورڈ آف انویسمنٹ، مس ناہید میمن، سندھ کے وزیر اعلیٰ کے اسپیشل اسسٹنٹ برائے سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈاکٹر سکندر علی شورو، سیکریٹری فشریز اینڈ لائیواسٹاک غلام حسین میمن، اٹلی کے کونسل جنرل گیلان لوکا روما گوٹی، روس کے کونسل جنرل اولیگ ایڈویواور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات شامل تھیں۔

اس تقریب نے ایکسچینج کو ایک منفرد موقع فراہم کیا کہ وہ اس نمائش میں حصہ لینے والے 200 نمائش کنندگان اور وزیٹرز کے ساتھ ملاقات کر سکے جس میں کاشتکار، ٹریڈرز اور زرعی مصنوعات کے خریدار شامل تھے جن کا تعلق سندھ کے مختلف علاقوں سے تھا۔

ایکسچینج نے ریڈ چلی اور سپر باسمتی پیڈی رائس کی جدید ٹیکنالوجی پر مشتمل ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ہونے والی کامیاب ٹریڈنگ سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ ڈیرک لوبو سینیئر مینیجر بزنس ڈویلپمنٹ نے اس تقریب میں ایکسچینج کی نمائندگی کی۔ لوبو نے کاشتکاروں کو ایکسچینج کے پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے فوائد کے بارے میں بتایا۔ مزید برآں ویئر ہاؤس رسید فنانسنگ کے پروگرام کے بارے میں گفتگو کی گئی۔




# پی ایم ای ایکس کی چوتھی گلوبل کموڈٹی آؤٹ لک کانفرنس میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے 12 فروری 2017 کو دبئی میں ہونے والی چوتھی گلوبل کموڈٹی آؤٹ لک کانفرنس (جی سی او سی) میں شرکت کی۔ اس کانفرنس کی میزبانی کے فرائض رچکوم گلوبل سروسز اور ڈی ایم سی سی نے دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس) اور تھامسن رائٹرز کے ساتھ مشترکہ طور پر ادا کیئے۔

"چیلنجنگ آف دی گارڈ" کے عنوان کے تحت اس کانفرنس میں 400 سے زائد شرکاء کو خوش آمدید کہا گیا جس میں تجارت کے ماہرین، ریگولیٹری پروفیشنلز اور سرکاری اہل کار شامل تھے جنہوں نے گلوبل کموڈٹی مارکیٹ کو فروغ دینے والے عناصر اور رکاوٹوں کے بارے میں گفتگو کی۔

اس تقریب میں پانچ موضوعات پر بحث ہوئی جس میں میکرو اکانومی آؤٹ لک، انرجی، ایگری کلچر، بنیادی اور قیمتی دھاتوں کے ساتھ ساتھ بلاک چین ٹیکنالوجی کا کموڈٹی مارکیٹ میں کردار شامل تھے۔

اعجاز علی شاہ، مینیجنگ ڈائریکٹر اور حسن محمود، ہیڈ آف پراڈکٹ ڈویلپمنٹ اور ایگری بزنس نے اس موقع پر پی ایم ای ایکس کی نمائندگی کی۔ حسن محمود نے ایک پینل گفتگو میں شرکت کی جسکا موضوع زراعت کا مستقبل تھا۔ انھوں نے پاکستان میں ایگری کلچرل کموڈٹیز کی تجارت کے روشن امکانات کے بارے میں شرکاء کو اپنی ماہرانہ رائے سے آگاہ کیا۔



# پی ایم ای ایکس کی نئی ویب سائٹ کا افتتاح

پی ایم ای ایکس نے اپنی نئی ویب سائٹ کی نقاب کشائی کی جس کے بارے میں فخر سے کہا جاسکتا ہے کہ موجودہ اور مستقبل کے مارکیٹ کے شرکاء اور کاروباری شراکت داروں کے لیئے صارف دوستانہ ہے۔

یہ نئی ویب سائٹ انتہائی سہل انٹرفیس فراہم کرتی ہے جس میں جدید بصری دعوت، سہل آمدورفت، بہتر فعالیت اور بھرپور معلومات کا امتزاج شامل ہے۔ ویب سائٹ تیار کرنے میں انتہائی جدید ٹیکنالوجی استعمال کی گئی ہے۔ جس کے ذریعے نئے زمانہ کے براؤزر، سمارٹ فونز اور ٹیبلیٹس سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔ اس طرح استعمال کرنے والے کو ایک ہی دفعہ میں معلومات تک رسائی حاصل ہوجاتی ہے۔

نئی ویب سائٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے اعجاز علی شاہ، مینجنگ ڈائریکٹر پی ایم ای ایکس نے کہا، "ہم اپنی نئی ویب سائٹ کو وزٹ کرنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ جس طرح ہمارا کاروبار وسعت پارہا ہے اور پہنچ بڑھ رہی ہے ہم توقع کرتے ہیں کہ ہماری موبائل فرینڈلی ویب سائٹ وزیٹرز کو قیمتی اور بروقت معلومات فراہم کرتی رہے گی۔

ہماری نئی تیار کردہ ویب سائٹ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جائے گا جس میں نئی پراڈکٹس کے تعارف، نوٹیفیکیشنز، ریگولیشنز، کاروبار، کارپوریٹ سنگ میل، تقریبات اور مالی معلومات شامل ہیں۔ ایکسچینج معلومات حاصل کرنے والوں کو دعوت دیتا ہے کہ ہماری نئی ویب www.pmex.com.pk کا جائزہ لیں اور پی ایم ای ایکس کی جانب سے فراہم کی جانے والی پراڈکٹس اور سروسز کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔

# پی ایم ای ایکس میں وفود کی آمد

09 مارچ 2017 کو چین کے کنسورشیم جس نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاری ہے اس کے ایک وفد نے پی ایم ای ایکس کا دورہ کیا۔ اس وفد کی سربراہی ہینگ یو، ڈائریکٹر، ایگزیکیٹو آفس، چائنا فنانشل فیوچرز ایکسچینج کررہے تھے۔

ان کے علاوہ اس وفد میں ایکسچینج کے زینگ پینگ ڈائریکٹر انٹرنیشنل بزنس ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، ہونگ زنگ چینگ ڈپٹی ڈائریکٹر لیگل آفیسرز ڈیپارٹمنٹ، زیاؤفنگ زینگ، سینئر منیجر فنانس ڈیپارٹمنٹ اور لی فینگ انالسٹ شامل تھے۔ اس کے علاوہ وفد میں طارق محمود، ہیڈ آف کارپوریٹ فنانس اینڈ ایگزیکیو وائس پریزیڈنٹ، پاک چائنا انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ اور لیو فیوز ہانگ وائس ڈائریکٹر اسٹریٹیجی اینڈ انٹرنیشنل ایگزیکیٹو ریلیشنز، شین زینگ اسٹاک ایکسچینج بھی شامل تھے۔

پی ایم ای ایکس نے وفد کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور ان کو ایکسچینج کے ہم آہنگ بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر، ریگولیٹری فریم ورک اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کرائی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں معلومات فراہم کیں جس کے بعد وفد کو ایکسچینج کا دورہ کرایا گیا۔



14 مارچ 2017 کو ارجنٹائن کے سفیر نے پی ایم ای ایکس کے اسلام آباد آفس کا دورہ کیا۔ ان کے ساتھ آئی ایس ای ریٹ کے مینجنگ ڈائریکٹر میاں ایاز افضل بھی تھے۔ پی ایم ای ایکس نے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور ان کو ایکسچینج اور اس کے آئندہ کاروباری حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ اس کے بعد مہمانوں کو پی ایم ای ایکس کے دفتر کا دورہ کرایا گیا۔



# انویسٹرایجوکیشن

پاکستان میں کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ میں 2007 کے بعد تیزی سے ترقی ہوئی ہے۔ گزشتہ دس سالوں کے دوران کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کے ریگولیٹری، اسٹرکچرل اور آپریشنل نظام میں خاطرخواہ تبدیلیاں آئی ہیں۔ ان تبدیلیوں کا مقصد کارکردگی میں بہتری، شفافیت بڑھانا، غیر منصفانہ تجارت کے طریقوں کی روک تھام اور بین الاقوامی بہترین طریقوں کے ساتھ پاکستان کی کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کو ترتیب دینا ہے۔

پی ایم ای ایکس نے بطور ایک سیلف ریگولیٹری آرگنائزیشن (ایس آر او) اپنے بروکرز اور ان کے کلائنٹس کے لیئے ہدایات جاری کی ہیں جن کا مقصد اوپر بیان کردہ اہداف کو حاصل کرنا ہے۔ اس شمارے میں ہم بروکرز کے لیئے جاری کردہ ہدایات کے بارے میں بتا رہے ہیں اور آئندہ شمارے میں کلائنٹس کے لیئے جاری کردہ ہدایات کے بارے میں آگاہ کریں گے۔

# ہدایات برائے پی ایم ای ایکس بروکرز

| عمل کریں | گریز کریں |
|---|---|
| ۱ ۔ ایکسچینج کے ٹریڈنگ سسٹم میں ہمیشہ کلائنٹ کی رجسٹریشن کی درست تفصیلات کا اندراج کریں۔ | ۱ ۔ بروکرز خود کلائنٹس کے اکاؤنٹ میں اس وقت تک کوئی ٹریڈ نہ کریں جب تک ایکسچینج اور ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق واضح تحریری اختیار یا ہدایات حاصل نہ کرلی گئی ہوں۔ |
| ۲ ۔ کلائنٹس کے لیئے کی گئی ٹریڈز کی تصدیق 24 گھنٹوں کے دوران ان کو فراہم کرکے وصولیابی کی تصدیق حاصل کریں۔ | ۲ ۔ اسٹینڈرڈائزڈ اکاؤنٹ اوپننگ فارم (ایس اے او ایف) کی شرائط وضوابط میں کوئی ردوبدل یا تبدیلی نہ کریں۔ کوئی بھی اضافی شرائط وضوابط ایس اے او ایف کی شرائط وضوابط سے متصادم نہ ہوں۔ |
| ۳ ۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کلائنٹس سے تمام مطلوبہ دستخط شدہ دستاویز وصول ہوگئی ہیں جس میں اکاؤنٹ اوپننگ فارم، خطرات کی نشاندہی کرنے والی دستاویز اور صوابدیدی تجارتی اختیار کا اجازت نامہ (جہاں قابل اطلاق ہو) شامل ہیں۔ | ۳ ۔ کلائنٹس کے فنڈز کو پی ایم ای ایکس کے دائرہ کار سے باہر اور متعلقہ سرگرمیوں کے علاوہ استعمال یا سرمایہ کاری نہ کریں۔ |
| ۴ ۔ رجسٹر آفس، مجاز افراد، برانچز اور کلائنٹس کا مناسب ریکارڈ برقرار رکھیں۔ | ۴ ۔ کلائنٹ سے غیر تحریر (دستخط) شدہ دستاویز یا چیک وصول نہ کریں۔ |
| ۵ ۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سرمایہ کاروں کی شکایتوں کے ازالہ کا نظام ہیڈ آفس اور برانچز پر مہیا کیا گیا ہے۔ | ۵ ۔ کلائنٹ کے ساتھ پچیس ہزار روپے کی مقرر کردہ حد سے زیادہ نقد رقم میں لین دین نہ کریں۔ مزید برآں نقد لین دین کی اجازت صرف غیر معمولی حالات میں دی گئی ہے۔ |
| ٦ ۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام مجاز افراد اور برانچز ایکسچینج کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ | ٦ ۔ ایکسچینج کے ٹریڈنگ سسٹم میں غلط، متضاد یا نامکمل معلومات کا اندراج نہ کریں۔ |
| ۷ ۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان تمام کموڈٹی فیوچرز کنٹریکٹس کی فہرست جن کو ایکسچینج پر تجارت کی اجازت دی گئی ہے نمایاں طور پر ہیڈ آفس اور برانچز میں آویزاں کی گئی ہے۔ | ۷ ۔ پرکشش اشتہارات افواہوں، ہاٹ ٹپس یا یقینی منافع کا وعدہ کرکے کلائنٹس کو متوجہ نہ کریں۔ |
| ۸ ۔ اس امر کو یقینی بنائیں کہ تمام افراد / برانچز قوانین، قواعد وضوابط، سرکلرز اور ہدایات جو ایکسچینج اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے جاری کیئے ہیں کی تمام متعلقہ دفعات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہیں۔ | ۸ ۔ کلائنٹ کی جانب سے دیئے جانے والی صوابدیدی اختیارات کا غلط استعمال نہ کریں۔ |
| ۹ ۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملازمین / مجاز افراد صرف بروکرز کے نام پر بینکنگ انسٹرومنٹس کی شکل میں ادائیگی وصول کریں۔ | ۹ ۔ کلائنٹ کا ذاتی آئی ڈی اور پاس ورڈ حاصل نہ کریں۔ صوابدیدی اختیارات حاصل ہونے کی صورت میں ہمیشہ ممبر لاگ ان آئی ڈی کے ذریعے ٹریڈ کریں۔ |
| ۱۰ ۔ اس کو یقینی بنائیں کہ بروکر کا نام، رجسٹریشن نمبر اور مجاز افراد کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ بمعہ برانچ معاملات کے شرائط وضوابط رجسٹرڈ برانچز میں آویزاں کیئے گئے ہیں۔ | |
| ۱۱ ۔ کسی بھی اشتہار کو جاری کرتے وقت ایکسچینج کا متعینہ ڈسکلیمر ہمیشہ شامل کریں۔ | |
| ۱۲ ۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ برانچ / مجاز افراد کی جانب سے جاری ہونے والے اشتہار کی بروکر سے منظوری حاصل کرلی گئی ہے۔ | |
| ۱۳ ۔ مجاز افراد کی تبدیلی کی اطلاع کم از کم 15 دن قبل ایکسچینج کو دیں۔ | |
| ۱۴ ۔ مجاز افراد / برانچز کا متواتر معائنہ کریں۔ | |
| ۱۵ ۔ برانچ آپریشنز میں کسی بھی بے قاعدگی کو دیکھ کر فوری طور پر اس کو درست کریں یا مجاز افراد / برانچ کی رجسٹریشن منسوخ کروائیں۔ | |
| ۱٦ ۔ ملازمین اور مجاز افراد کی کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی کی سرگرمی کے بارے میں ہوشیار رہیں۔ | |
| ۱۷ ۔ کسی بھی ضابطہ پر عمل درآمد میں درپیش دشواری کی وضاحت کے لیئے پی ایم ای ایکس سے رجوع کریں۔ | |

# آگاہی پروگرامز

ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے ذریعے کموڈٹیز میں سرمایہ کاری کے فوائد کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے ہدف کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس کالجز اور یونیورسٹیز کے طلباء اور فیکلٹی ممبرز کیلئے باقاعدگی سے پروگرامز منعقد کرتا ہے۔ اس ہدف کو مدنظر رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے نمائندوں نے انسٹیٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (آئی او بی ایم) اور بحریہ یونیورسٹی کا دورہ کیا اور باہمی دلچسپی کے آگاہی سیشنز میں شرکت کی۔

ان سیشنز کی ابتداء پی ایم ای ایکس کے بارے میں تیار کردہ ایک ڈاکومینٹری دکھانے سے کی گئی۔ جس کے بعد ایکسچینج کے بزنس ماڈل، ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر اور موجودہ اور مستقبل میں متعارف کی جانے والی پراڈکٹس کے بارے میں بتایا گیا۔ ان پروگرامز کا اختتام سوال اور جوابات کے سیشن پر ہوا۔

طلباء نے ایکسچینج پر ٹریڈنگ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ان کو ڈیمو ٹریڈنگ اکاؤنٹ سروس سے استفادہ کرنے کی پیش کش کی گئی جو پی ایم ای ایکس کے ٹریڈنگ کی بالمشافہ تربیت فراہم کرتا ہے۔





# دس سر فہرست بروکرز

## جنوری۔مارچ 2017

کل تجارتی معاہدے: 882,887 | کل تجارتی رقم: 384.31 بلین روپے | ایکٹیو بروکرز کی تعداد: 61

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ایچ۔جی۔مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | این ریچرز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | این ریچرز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ایم ایچ بی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | عرش کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جہانزیب |
| ۶ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عباسی اینڈ کمپنی (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | ایم ایچ بی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ |
| ۸ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیوٹ) لمیٹڈ | خدیجہ کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | جہانزیب | آئی جی آئی فائنکس سیکورٹیز لمیٹڈ |
| ۱۰ | بی آئی پی ایل سیکورٹیز لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکورٹیز لمیٹڈ |

# سرکلرز اور نوٹیفکیشنز

جنوری۔مارچ 2017 سہ ماہی کے دوران مندرجہ ذیل سرکلرز اور نوٹیفکیشنز جاری کیئے گئے:۔

## سرکلرز

### 02مارچ2017

پی ایم ای ایکس نے تمام بروکرز کیلئے گائیڈ لائنز جاری کیں جسکا مقصد کارکردگی میں بہتری، شفافیت میں اضافہ، غیر منصفانہ طریقوں کی روک تھام اور پاکستان کی کموڈٹی فیوچرز مارکیٹ کو بین الاقوامی بہترین طریقہ کار سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

### 07مارچ2017

پی ایم ای ایکس نے کموڈٹی فیوچرز کے بروکرز کے کلائنٹس کیلئے گائیڈ لائنز جاری کیں۔تمام بروکرز کو ہدایت دی گئی کہ ان گائیڈ لائنز سے اپنے موجودہ اور مستقبل کے کلائنٹس کو آگاہ کردیں۔

### 08مارچ2017

تمام بروکرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ ہر ماہ پی ایم ای ایکس کو ان کلائنٹس کی ٹریڈر آئی ڈی کی فہرست فراہم کریں جنھوں نے صوابدیدی تجارتی اختیارات دیئے ہیں، بشمول ان ملازمین کی اسناد کے جو صوابدیدی اکاؤنٹس کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

### 27مارچ2017

جہانزیب جو پی ایم ای ایکس کے ممبر اور رجسٹرڈ بروکر ہیں ان کے تمام ٹریڈرز کو آگاہ کیا گیا کہ انھوں نے اپنی انفرادی ممبر شپ کو کارپوریٹ ممبر شپ میں تبدیل کرنے کی درخواست دی ہے۔ان کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ اگر ان کا کوئی کلیم ہو تو اس نوٹس کے اجراء کے سات دنوں کے دوران جمع کرادیں۔

## نوٹیفیکیشنز

### 02فروری2017

تمام ممبر کو آگاہ کیا گیا کہ 2017 کے لیئے سالانہ ممبر شپ فیس -/75,000 روپے سے کم کرکے -/50,000 روپے کردی گئی ہے۔ ان کو یہ اطلاع بھی دی گئی کہ اس سہولت سے صرف وہ ممبر مستفید ہوں گے جو اپنے بقایاجات 31 مارچ 2017 تک ادا کردیں گے۔ جو ممبر -/75,000 روپے ادا کر چکے ہیں ان کو -/25,000 روپے واپس کردیئے جائیں گے۔

### 23فروری2017

تمام بروکرز کو ریڈ چلی ویکلی فیوچرز کنٹریکٹس کے ٹریڈنگ کے دنوں میں تبدیلی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔جس کا نفاذ 23 فروری 2017 سے کیا گیا۔

### 23فروری2017

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ٹریڈنگ سیزن کے اختتام کی وجہ سے پی ایم ای ایکس سپر باسمتی پیڈی رائس ویکلی فیوچرز کنٹریکٹس ٹریڈنگ کیلئے دستیاب نہیں ہونگے۔ یہ فیصلہ 24 فروری 2017 سے نافذ العمل ہوا اور اس وقت تک برقرار رہے گا جب تک کوئی نیا نوٹس جاری نہ کیا جائے۔

### 03مارچ2017

امریکہ میں دن کی روشنی کے بچت کا قانون نافذ العمل ہونے کے اعلان سے تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا۔

### 28مارچ2017

تمام بروکرز کو برینٹ کروڈ آئل اور کاپر کے رواں سال میں ایکسپائر ہونے والے کنٹریکٹس کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔